Bahria University Library Islamabad
Source: Nawa-i-Waqt Friday October 30, 2026

میری ٹائم سمپوزیم: بحری راستوں کی سلامتی یقینی بنائیں گے، امیر البحر

وزیر بحری امور کی مہمان خصوصی شرکت، بحر ہند کی سلامتی، اے آئی بلیو اکانومی کا جائزہ

اسلام آباد (خبر نگار خصوصی) نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف میری ٹائم افیئرز (NIMA) کے زیر اہتمام بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد میں بین الاقوامی میری ٹائم سمپوزیم (IMS-26) کا انعقاد کیا گیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق سمپوزیم کا موضوع ''سمندر میں قواعد پر مبنی بین الاقوامی صفحہ 6 پر بقیہ نمبر 28

بقیہ 28 سمپوزیم

لاقوامی نظام کا بتدریج انحطاط اور میری ٹائم سیکورٹی کا نیا تناظر'' تھا۔ سمپوزیم میں سفارت کاروں، اعلیٰ سول و عسکری قیادت، پالیسی سازوں اور ملکی و بین الاقوامی ماہرین نے شرکت کی اور ابھرتے ہوئے بحری چیلنجز اور بدلتے ہوئے عالمی بحری نظام پر تبادلہ خیال کیا۔ پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف نے پہلے سیشن جس کا موضوع تھا ''عالمی مشترکہ وسائل کے تناظر میں سمندری بین الاقوامی نظام کی جغرافیائی و سیاسی جہتیں'' میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔

Library Website: www. http://111.68.99.22:8080/xmlui/handle/123456789/7
Email: chief.librarian@bahria.edu.pk